URDU

# Information til patienter og pårørende

## الزائمرز (Alzheimer) کا مرض

### Alzheimers sygdom

دماغ کی کمزوری (ڈی مین شئیا) کچھ علامات کا مجموعی نام ہے، جو اسوقت ظاہر ہوتی ہیں جب دماغ مرض کی وجہ سے کمزور ہوجا تا ہے دماغی کمزوری کا مرض یاداشت، منصوبہ بندی اورابلاغ و اظہار کو مشکل بنا دیتا ہے
سب سے بڑے پیمانے پر دماغی کمزوری کا سبب الزائمرز کا مرض ہے

**مرض کی ابتدائی نشانیا**

مرض الزائمرز کے شکار لوگوں کوجن افراد کو وہ اچھی طرح سے جانتے ہوں ان کے نام یاد رکھنے، اور روزمرہ استعمال کی اشیا کے لئے الفاظ تلاش کرنے میں مشکل ہوتی ہے خاص طور پہ حالیہ ہونے والے واقعات کی یاداشت بری ہو جاتی ہے عموماً طے شدہ ملاقاتوں کو یاد رکھنے کےلئے امداد کی ضرورت ہوتی ہے اور رستہ کی تلاش، تھوڑی سی رقم کی گنتی کرنے کی صلاحیت اثر پزیر ہوجاتی ہے
جوں جوں مرض بڑھتا ہے ان افراد کے جزبات، مزاج اور شخصیت تبدیل ہوتی جاتی ہے میل جول رکھنے والے والے لوگ چڑ چڑے، غیر فعال اپنے آپ میں بند ہو کر رہ جاتے ہیں

**روزمرہ کام کاج میں دشواری**

شروع میں عام بد حواسی اور بھلکڑ پن اور مرض میں تمیز کرنا مشکل ہوتا ہے آخر کار قریبی خاندان اور دوستوں پرتبدیلیاں واضع ہو جاتی ہیں ایسے شخص کے لئے کھانا پکانا خریداری کرنا نا ممکن ہو جاتا ہے
وقت کے ساتھ ساتھ علامات بد تر ہوتی چلی جاتی ہیں الزائمرز کا مریض وقت کے احساس کو گنوا دیتا ہے، اور رات کو دن سمجھنے لگتا ہے یہ عام بات ہے کہ مرض کی تشخیص سے پہلے بیماری کو کئی سال گذر چکے ہوتے ہیں

**عمررسیدہ زیادہ ترالزائمرز کا شکار ہوتے ہیں**

دماغی کمزوری کی تمام تکا لیف کا آدھا سبب الزائمرز کا مرض ہوتا ہے
ڈنمارک میں اسکے شکار تقریباً 40.000 افراد ہیں یعنی 65 سال کے عمر رسیدہ لوگوں کی شرح کا 3-4%

جوں جوں انسان کی عمر بڑھتی جاتی ہے الزائمرز کا مرض لاحق ہونے کا خدشہ بڑھتا جاتا ہے شازو نادر ہی یہ مرض موروثی ہوتا ہے
ہائی بلڈ پریشر، شوگر، تمباکو نوشی وغیرہ بیماری کو بڑھانے میں مدد گار ثابت ہوسکتے ہیں اس لئے یہ آہم ہے کہ متنوع غذا کھائی جائے، ورزش کی جائے نیز تمباکو اور شراب نوشی سے اجتناب کیا جائے

**دماغ میں کیا ہوتا ہے؟**

الزائمرز کی بیماری کی وجوہات معلوم نہیں ہیں مگر تحقیق کرنے والےیہ بتا تے ہیں کہ کس طرح بیٹا ایمی لؤآیڈ (beta-amyloid)نامی پروٹین کی گلٹیاں جمع ہو کردماغ کے خلیوں کے درمیان حائل ہو جاتی ہیںخلیوں کے اندر پروٹین کا مواد جمع ہوکرضروری سگنل کی ترسیل کے عمل کو روک دیتا ہے رفتہ رفتہ دماغ کا بڑا حصہ مرض کی وجہ سے ہونے والی تبدیلی کا شکار ہوجاتا ہے

**درست اور جلد تشخیص ضروری ہے**

اگر آپ کو الزائمرز کی بیماری کا خدشہ ہو تو آپ ڈاکٹر سے رجوع کریں ڈاکٹر کے پاس ایک مرتبہ جانے سے تشخیص کا تعین نہیں ہو سکتا ہے اس مقصد کے لئے بہت سارے ٹیسٹ اور معائنے نیز لواحقین سے بات چیت
بھی ضروری ہے
درست تشخیص اس لئے بھی ضروری ہے تا کی مریض کے علاج معالجہ اور دیکھ بھال بر وقت شروع کی جا سکے
علاج معالجہ اور دیکھ بھال کی پیشکش
الزائمرز کا مرض ابھی تک قابل علاج نہیں ہے، مگر ایسی ادویات میسر ہیں جو عارضی طور پر علامات کو دبائے رکھتی ہیں گو یہ ادویات الزائمرز کے تمام مریضوں پر اثر نہیں کرتی ہیں اس لئے صرف علاج ہی کافی نہیں ہے
مریضوں اور لواحقین کو مشورہ دینے کی سہولت علاوہ ازیں عملی امداد مثال کے طور پہ کپڑے پہنانا اور ذاتی حفظان صحت کے معاملات اور روز مرہ میں لواحقین کا بوجھ ہلکا کرنا علاج معالجہ کے ضروری عناصر ہیں

*Lokale kontaktoplysninger:*

**Nationalt Videnscenter for Demens**
Rigshospitalet – afsnit 6922 • Blegdamsvej 9 • 2100 København Ø
vide@regionh.dk • **www.videnscenterfordemens.dk**